RAMPUR GOVT. GAZETTE

سرکاری گزٹ رامپور

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

نمبر ۴۹ | روز دوشنبہ تاریخ ۵ دسمبر ۱۸۹۲ء عیسوی مطابق ۱۴ جمادی الاولیٰ ۱۳۱۰ ہجری | جلد

فہرست مضامین

صفحہ	نمبر	نام مضمون	صفحہ	نمبر	نام مضمون
		احکام اجلاس کامل			روبکار صاحب ریونیو ممبر بہادر
۱	۱	اضافہ مولوی محمد جعفر صاحب سشن جج	۴	۶	درباب آراضی [illegible]
۲	۲	[illegible] خان سے			روبکار صاحب سکریٹری بہادر
		روبکارات صاحب پریزیڈنٹ بہادر	۴	۷	تقرر [illegible] خان
۳	۳	[illegible] انتظام [illegible]			ضمیمہ
۳	۴	[illegible]	۸	۸	روبکار میونسپل کمیٹی [illegible]
		روبکار صاحب جوڈیشل ممبر بہادر	۹	۹	نقشہ حیات و ممات
۴	۵	[illegible] خدمات [illegible]	۱۰	۱۰	نقشہ [illegible]
۴		[illegible] خان			

حکم اجلاس کامل واقع ۲۱ نومبر ۱۸۹۲ء

بذریعہ نقل حکم گورنمنٹ نمبری ۲۳۱ مورخہ ۲۳ دسمبر ۱۸۹۱ء بذریعہ تحریر صاحب ایجنٹ بہادر نمبری ۵۸ش ۲۲-۲۴ مورخہ ۱۰ دسمبر ۱۸۹۱ء خدمات مولوی محمد جعفر صاحب منصف ضلع [illegible] ریاست ہذا کو تفویض ہوئی ہیں اور ان کا تقرر عہدہ سشن ججی پر کونسل سے تنہا بتاریخ ۱۴ دسمبر ۱۸۹۱ء برائے ایک سال بشرط پسند کام ہوا مولوی محمد جعفر صاحب کا کام کونسل پسند کرتی ہے اور [illegible] مستحق ستائش ہیں اب تک ان کی تنخواہ خالص [illegible] ماہوار تھی

مگر اب کونسل انکی تنخواہ خالص پانسو روپیہ مہینہ مقرر کرکے انکو عہدہ ڈسٹرکٹ ڈشٹن جج ریاست ہذا پر مستقل کرتی ہے۔

اسکی روئداد کا عملدرآمد یکم دسمبر ۱۸۹۲ء سے ہوگا۔

نقل روئداد ہذا بذریعہ چٹھی انگریزی خدمت میں صاحب ایجنٹ بہادر کے اور اصل برائے اجرائے احکام باجلاس صاحب انچارج جوڈیشل ممبر بہادر مرسل ہو اور ایک نقل بغرض شائع ہونیکے گزٹ کو بھی جاوے۔

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

حسب منشائے تجویز اجلاس کامل احکام ضابطہ جاری ہوں۔

مرقومہ ۲۶ نومبر ۱۸۹۲ء

[illegible]

حکم اجلاس کامل واقع ۲۱ نومبر ۱۸۹۲ء

نسبت یادداشت مفتی صاحب دیوانی باستصواب لینے حلف اہل خاندان ہر ذات خود یا معرفت کسی اہلکار عدالت کے

آج کونسل میں پیش ہوکر باتفاق تجویز ہوا کہ جب اہل خاندان میں کسی کے حلف لینے کی ضرورت ہوا کرے تو ممبران پنچایت خاندان کو اجازت دیجاتی ہے وہ حلف لے لیا کریں۔ یہ حکم درج گزٹ ہو اور ممبران پنچایت خاندان و صاحب مفتی دیوانی کو اطلاع دیجاوے مثل باجلاس صاحب انچارج جوڈیشل ممبر بہادر مرسل ہو۔

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

حسب تجویز اجلاس کامل احکام ضابطہ جاری ہوں اور ایک نقل تجویز کی بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جاوے۔

[illegible]

۲۹ نومبر ۱۸۹۲ء

روبکار اجلاس صاحب پریزیڈنٹ بہادر واقع ۲۹ نومبر ۱۸۹۲ء

چونکہ ہماری نیچ کی ملاقات کے ہفتہ میں دو روز منگل اور جمعرات مقرر ہیں۔ اور اب آیندہ سے ہمارا اجلاس سوائے دوشنبہ یوم کونسل اور پنجشنبہ یوم خوجی دربار کے معمولاً کوٹھی جدید پر ہوا کریگا اسلئے جو صاحب ہم سے نیچ کی ملاقات کرنا چاہیں وہ بروز منگل کوٹھی جدید پر ہماری قیام گاہ [illegible] کریں گے البتہ جمعرات کو حسب معمول خورشید منزل میں ہم کر سکتے ہیں۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے اطلاع عام درج گزٹ ہو اور ایک اشتہار در عدالت پر چسپاں کردیا جاوے۔

[illegible]

روبکار اجلاس ایضاً واقع [illegible] نومبر ۱۸۹۲ء

معمولاً ہمارا اجلاس آج [illegible] سے بمقام کوٹھی جدید ہوا کریگا [illegible] دوشنبہ جبکہ کونسل بھی ہوتی ہے اور بروز پنجشنبہ [illegible] دربار خوجی ہے اسجانب اجلاس ہے رامپور [illegible] خورشید منزل کیا کرینگے باقی ایام میں سوائے [illegible] ہماری کوٹھی پر اجلاس ہوا کریگا۔

حکم ہوا کہ

[illegible] متعلق مطلع ہوں سررشتہ دار صاحب صدر کو حکم [illegible] کاغذات کیواسطے اطلاع دیجاوے [illegible]

روبکار ہذا درج گزٹ ہو اور اشتہار [illegible] پر چسپاں کردیا جاوے

[illegible]

روبکار اجلاس صاحبزادہ وحید الدین صاحب بہادر
مجسٹریٹ لائق محکمہ جوڈیشل واقع ۲۸ نومبر ۱۸۹۲ء

معلوم ہوا کہ سال گذشتہ میں انفصال مقدمات فوجداری مرجوعہ آنریری مجسٹریٹان سے تعلق کیا گیا تھا لہذا اب بھی اس سلسلہ میں مناسب ہے کہ صاحب مجسٹریٹ ضلع ایسا انتظام کر دیں کہ جو مقدمات خفیف حد اختیار آنریری مجسٹریٹان کے مرجوعہ مسلہ ہوں اونکی تجویز وہی کیا کریں۔ ایام مسلہ میں صاحب مجسٹریٹ ضلع اسکے تعین فرما دیں کہ فلاں تاریخ فلاں فلاں صاحب شریک اجلاس ہونگے اور جو مقدمات حد اختیار آنریری مجسٹریٹان سے زیادہ ہوں اونکی تجویز صاحب مجسٹریٹ ضلع فرما سکتے ہیں۔

حکم ہوا کہ

ایک نقل روبکار ہذا بنا بر انتظام حسب تصریح صدر صاحب مجسٹریٹ ضلع کے پاس مرسل ہو اور ایک نقل بنا بر اندراج گزٹ بغرض اعلان مطبع کو بھیجی جائے۔

دستخط وحید الدین

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر
واقع ۳ نومبر ۱۸۹۲ء

جو آراضی واسطے لگانے بھٹہ و تھوائی اینٹ کے ٹھیکہ داروں کو دیجاتی ہے اوسکے زر معاوضہ کو ریاست سے کچھ تعلق نہیں پایا جاتا ہے ٹھیکہ داران بغرض اپنے منافع و انتظام کثیر کے واسطے بھٹہ لگاتے ہیں لہذا کل معاوضہ آراضی و ہرجہ زراعت متعلقہ بھٹہ کا ذمہ ٹھیکہ داران خشت واجب التادا ہو کر حسب ذیل تجویز کیجاتی ہے۔

(۱) واسطے بھٹہ کے جسوقت آراضی دیجاوے تو حتی الامکان آراضی غیر مزروعہ اور آبادی اور باغات سے جدا دینا چاہیے مزروعہ آراضی مجبوری کو دی جاوے۔

(۲) ٹھیکہ داران بھٹہ کو جو آراضی دیجاوے اگر حسب اتفاق اوس میں زراعت کھڑی ہو تو اوسکی قیمت تحصیلدار محال تخمینہ کرکے نقد ٹھیکہ دار بھٹہ سے مالکان زراعت کو اوسیوقت دلوا دیویں اور رسید باضابطہ لیویں۔

(۳) آراضی آمدہ بھٹہ اگر بٹائی کی ہو اور لگان اوسکا بذریعہ کاغذات پٹواری دریافت نہیں ہو سکتا ہے تو تین سال کی پیداوار کی اوسط سے لگان اوسکا قرار دیا جاوے۔

(۴) جسقدر آراضی واسطے بھٹہ کے دیجاوے اوسکا لگان واجبی جو کاشتکاران مستاجر کو ادا کرنے میں جسقدر کہ کاغذات پٹواری سے قائم ہو مستاجر دیہ کو ٹھیکہ دار بھٹہ سے پیشگی یعنی شروع سال میں دلایا جاوے اور آئندہ ٹھیکہ دار بھٹہ جبتک خود قابض رہیں وہی رقم لگان سالانہ کی ٹھیکہ دار بھٹہ سے وصول ہو کر مستاجر دیہ کو ادا کرے۔

(۵) کاشتکاران موروثی کو نصف سال کا لگان بطور ہرجہ ٹھیکہ دار بھٹہ سے دلایا جاوے گا۔ علاوہ اوس رقم کے جو مستاجر کو دیا جاویگا۔

(۶) ٹھیکہ داران خشت جب آراضی سے بعد ختم کام اوس زمین خالی کر دیں اوسوقت رپورٹ اطلاعی اس اجلاس کو اور ایک تحصیلدار محال کو دیویں تحصیلدار محال فوراً گرداور قانونگو موقع پر بھیجکر حیثیت و حالت آراضی دریافت کریں۔

(۷) جسقدر آراضی ایک فٹ تک یا اوس سے کم کھودی ہوئی ہو اوسکا آئندہ معاوضہ نہیں لیا جاوے اور جو آراضی ایک فٹ سے زیادہ دو فٹ تک کھودی ہو اوسکا لگان تین سال کا اور جو آراضی تین فٹ کہ چار فٹ تک عمیق کھودی ہے اوسکا لگان پانچ سال کا اور جو آراضی

اوس سے زائد دس فٹ تک یا زائد کہودی ہے تو دس سال کا لگان
ٹھیکہ دار سے بمدت لیکے تحصیل میں داخل کرادیا جاوے۔

(۸) جو رقم بموجب دفعہ نمبر ۵ روپیہ تحصیل میں داخل ہو جاوے تحصیلدار
اوس کی ایک رپورٹ ہمارے اجلاس میں بہیجیں اور لکہیں کہ منجملہ روپیہ
مذکورہ کے کسقدر رقم واجبی مستاجری دیہہ ہے اور کسقدر لایق
سیاہہ سرکار ہے۔ جیسا حکم ہمارا صادر ہو ویسا اوسکو مطابق تعمیل کریں

(۹) ٹھیکہ دار خشت مستاجر دیہہ اور کاشتکاران کو ہرگز باہمی طور پر
کسی کارروائی کی اجازت نہیں ہے جملہ مراتب بوساطت تحصیل
کیئے جاویں تحصیلدار ذمہ دار ہیں کہ اس کارروائی میں کسی قسم کی
تاخیر اور فتور واقع نہو۔

(۱۰) ہر ایک موضع کے ٹھیکہ دار سے ایک قبولیت بابت ان
شرائط کے قبل دخل دہانی ٹھیکہ لیجاویگی اور واسطے تعمیل
شرائط مندرجہ دفعہ نمبر ۵ و ۷ ضمانت مناسب بقدر جو [illegible]
یا شخص معتبر کی دینا ہوگی۔

حکم ہوا کہ

بترسیل اصل روبکار ہذا بخدمت صاحب چیف انجینئر بہادر [illegible]
دیا جاوے کہ [illegible] صاحب موصوف کی جو رائے ہو اوس سے
ہمکو اطلاع فرماویں تاکہ اوسی مطابق اجراے احکام کر دیا جاوے۔

حکم صاحب چیف انجینئر بہادر

رائے صاحب ممبر بہادر کے ساتھ ہمکو اتفاق ہے صاحب ممدوح احکام جاری
فرماویں اصل روبکار و نقل حکم سررشتہ میں فایل ہو کہ گزٹ میں چہاپا جاوے

محررہ ۲۱ نومبر ۱۸۹۲ع

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

پاس صدر قانونگو کی جہت عمل درآمد مرسل ہو و گزٹ میں یہ حکم
شائع کئے جاویں۔ ۲۳ نومبر ۱۸۹۲ع

ملخص روبکار اجلاس صاحب سکریٹری بہادر
واقع ۲۳ نومبر ۱۸۹۲ع

صاحب پریزیڈنٹ بہادر نے [illegible] ہزاری خان ساکن [illegible] کو
[illegible] کہلانے پر تنخواہ بیس روپیہ ماہوار [illegible] سررشتہ
ملازم رکہا ہے۔ تنخواہ مد کنٹول خانہ سے ملیگی

حکم صاحب سکرٹری بہادر کونسل واقع ۲۰ نومبر سنہ ۱۸۹۲ء

ملاحظہ ہوا روداد بذا درج گزٹ ہو

روداد کمیٹی میونسپل بورڈ تحصیل سوار منعقدہ ۵ نومبر سنہ ۱۸۹۲ء

مولوی محمد ریاض الاسلام صاحب تحصیلدار صدر نشین کمیٹی

منشی محمد عطاء اللہ خان صاحب نائب تحصیلدار سکرٹری کمیٹی

اسمائے شرکاء جلسہ

ملازمین	غیر ملازمین	
۱ محمد حشمت علیخان صاحب محرر چونگی۔	۱ لالہ چنی لعل صاحب ساہو۔	ممبر
۲ مولوی عاشق علی صاحب محرر صفائی۔	۲ لالہ برج لعل صاحب مالگزار۔	ممبر
۳ مولوی سید ضیغم حسین صاحب مدرس سوار خاص۔	۳ لالہ الیشری پرشاد صاحب عرائض نویس۔	ممبر

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۱- خاکروبان اور میٹ میں کوئی علامت تمیز کی نہیں ہے خاکروبان کے پاس بلّہ ہیں اور میٹ کے پاس بلّہ بھی نہیں ہے۔	مثل بلّہ میٹ خاکروبان شہر کے کل میٹ کو بھی بلّہ سرکار سے ملنا چاہیئے۔

ملاحظہ شد ۲۰ نومبر سنہ ۱۸۹۲ء

۲- بروز بازار تمام دکانداران چبوترہ پر بیٹھتے ہیں مگر قصابان متفرق طور پر بازار میں بیٹھتے ہیں قصابان بھی چبوترہ پر بیٹھا کریں تو مناسب ہے اور قصابوں کیواسطے چبوترہ تیار ہو جاویں۔	چودہری قصابان کو بروز بازار بلا کر ہدایت کیجاوے کہ وہ جملہ قصابان کو چبوترہ اونکے صرف سے بنوا دیں اور چودہری سے اقرار نامہ لیا جاوے کہ بمیعاد ایک ہفتہ چبوترہ تیار کر لیں اور اگر باہتمام چودہری قصابان چبوترہ تیار نہ کر سکیں تو تعمیر چبوترہ کا تخمینہ کرا کر زر لاگت قصابان سے وصول ہو کر بمعرفت سرکار تیار ہو جاویں جگہ چبوترہ کی سکرٹری کمیٹی تجویز کر دیں

ملاحظہ شد ۲۰ نومبر سنہ ۱۸۹۲ء

۳ - دو بم پولیس منجانب سرکار تیار ہوگئے ہیں مگر بندوبست صفائی کا کوئی انتظام نہیں ہے یعنی کوئی بھنگی واسطے صفائی کے مقرر نہیں ہے۔

جس ناکہ کے حلقہ میں بم پولیس واقع ہے وہی ناکہ دار بھی بم پولیس کی صفائی کرے کوئی ناکہ دار علیحدہ مقرر ہونیکی ضرورت نہیں ہے۔

ملاحظہ شد ۳۰ نومبر ۱۸۹۲ء

۴ - درخواست علی محمد خاں سنار سوار خاص - جو آراضی واسطے کمہار ڈالنے کے سرکار سے تجویز ہوئی ہے وہ اعلیٰ قسم کی ہے وہ آراضی چھوڑ دیجاوے دوسری آراضی اوسکے قریب اوسی قسم کی بنابر ڈالنے کمہار کے تجویز فرمائی جاوے۔

ملاحظہ شد ۳۰

صاحب سکرٹری کمیٹی اول آراضی تجویز شدہ کا ملاحظہ فرمادیں اگر درحقیقت آراضی مذکورہ اعلیٰ قسم کی ہے اور دوسری آراضی تجویز ہونے میں کوئی ہرج نہیں ہے تو آراضی اعلیٰ قسم کی چھوڑ کر دوسری آراضی جو ادنیٰ قسم کی ہو تجویز ہونا چاہئے جو نشیب میں نہو۔

۳۰ نومبر ۱۸۹۲ء

۵ - جو دس روپیہ بنابر تیاری چار بم پولیس سرکار سے عطا ہوئے تھے اونمیں صرف دو بم پولیس تیار ہوئے ہیں اگر دو بم پولیس ایک متصل سرائے و دو مرگھٹی میں تیار ہوجاتیں تو بیشک زیادہ باعث آسائش مسافران وغیرہ متصور ہے اور چھپر بندی بم پولیس تیار شدہ کے بھی ضرور ہے ورنہ برسات میں مسمار ہوجاوینگے۔

صرف ایک بم پولیس عقب سرائے اور تیار ہونا چاہئے کہ پانچ روپیہ میں تیار ہوسکتا ہے اور چھپر بندی ہونا بھی ضرور ہے مگر اسواسطے کہ بم پولیس خام تیار ہونے میں برسات میں گرجاوینگے اور بم پولیس میں قدمچے لکڑی کے تیار ہونا چاہئیں

علاوہ رپورٹ آنے پر حکم مناسب صادر ہوگا مرقومہ ۳۰ نومبر ۱۸۹۲ء

۶ - کسان ندی کے مکانات کے اندر کوڑہ وگوبر جمع ہے جسسے احتمال بیماری پیدا ہونیکا ہے اندر مکانات کے کہاد کوڑہ وگوبر جمع ہونا چاہئے
علی بہادر خاں سنار جمعدار ولی محمد میاں ... جلوالی سوار
کاشی پرشاد وکیل محمد سعید خاں ... حسن خاں سپاہی ...

علی بہادر خاں وغیرہ جملہ اشخاص صاحب ہوں کو ہدایت کیجاوے کہ ... کہاد وغیرہ اندر مکانات کے نہ ڈالیں اور اقرار نامہ اونسے تحریر کرالیا جاوے ... صفائی معائنہ کرکے رپورٹ دیں

ملاحظہ شد ۳۰ نومبر ۱۸۹۲ء

۷- محرر صفائی کو ہ رہیغہ صفائی سے ملتے ہیں چونکہ کام نگرانی صفائی کا زیادہ ہے تنخواہ کا اضافہ ہونا چاہیے -

محرر سابق کو بھی اگرچہ صیغہ صفائی سے ملتا تھا ہ صفائی سے محرر حال کو کم ملتے ہیں کمیٹی کی رائے ہے کہ اگرچہ محرر صفائی کی تنخواہ صیغہ صفائی سے ملنا چاہیے رپورٹ بابت صاحب ... بہ سلاو ... بھیجی جاوے

علیحدہ رپورٹ آنے پر حکم مناسب صادر ہوگا - ۲۰ نومبر ۱۹۰۳ء

۸- جھبیلی خاکروب عرصہ ایک ہفتہ سے بیمار ہے اور اسکے حلقہ کی صفائی کا کام بند ہو رہا ہے عیوضی پیش کرنیکے واسطے جھبیلی خاکروب سے کہا گیا تو وہ بیان کرتا ہے کہ عیوضی نہیں ملتا ہے علاوہ اسکے جھبیلی خاکروب دو جگہ ملازم ہے ... تحصیل تہانہ سے تنخواہ پاتا ہے اور دوسرے محکمہ صفائی سے یہ کام بھی اسکے پاس زیادہ ہے -

سکرٹری کمیٹی جھبیلی خاکروب کو فہمایش کردیں کہ اگر وہ اپنا آدمی پیش کریگا تو اسکو صفائی میں تین روپیہ ماہوار کی جگہہ دیجاویگی ورنہ تجویز سرکار دوسرا آدمی صفائی میں بشاہرہ تین روپیہ ماہوار مقرر کردیا جاویگا اور جھبیلی کو صرف عہدہ صفائی تحصیل و تہانہ کی بابت جو سابق سے ملتا ہے وہ بدستور ملیگا اور تا صحت جھبیلی خاکروب اوسکے متعلقہ کام صفائی دیگر خاکروبان انجام دیں محرر صفائی ایام بیماری کی تنخواہ بذریعہ رپورٹ وضع کراکے سیاہہ سرکار کرادیں -

امورات مندرجہ بالا کو صاحب پریذیڈنٹ کمیٹی نے قبول منظور کیا -

ضمیمہ سرکاری گزٹ رامپور نمبر ۳

مطبوعہ ۵ دسمبر ۱۸۹۲ء جلد ۳

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائی ۲۹ نومبر لغایت ۵ دسمبر ۱۸۹۲ عیسوی

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد مسلمان	مرد ہنود	عورت مسلمان	عورت ہنود	میزان	تفصیل بہ مذہب مسلمان	ہنود	تفصیل موتی: ایک سال تک مسلمان	ہنود	۱ سال سے ۱۰ سال تک مسلمان	ہنود	۱۲ سال سے زیادہ مسلمان	ہنود	میزان مسلمان	ہنود	تفصیل بہ مذہب مسلمان	ہنود	تفصیل مرض:					کیفیت
شہر رامپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
حضور تحصیل	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	//
شاہ آباد	۱۲	۲۲	۵	۱۲	۵۷	۱۶	۳۵	۱۰	۱۴	۱	۲	۱۸	۱۳	۲۳	۳۲	۳۳	۳۲	۰	۰	۳۰	۲۹	۹۵	
نک	۳	۱۳	۱	۱۲	۳۰	۴	۲۶	۱	۲	۲	۱	۱۹	۸	۱۹	۱۱	۱۰	۲۰	۰	۰	۱۰	۲۰	۳۰	
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	//
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	//
میزان	۱۵	۳۲	۰	۲۰	۸۳	۶۱	۹۲	۱۰	۱۹	۳	۳	۳۳	۲۱	۲۲	۴۳	۱۳	۳۴			۴۰	۲۵	۹۵	

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائی ۲۹ نومبر لغایت ۵ دسمبر ۱۸۹۲ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	نک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۰۱۲ ٹار	۰۱۳ ٹار	۱۳ ٹار	۰	۰	حضور تحصیل بلاسپور و ٹانڈہ سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۰	۱۹ ٹار	۰۱۵ ٹار	۰۱۷ ٹار	۰		
نخود کسندا میز	۰	۰۲ ٹار	۱۹ ٹار	۱۸ ٹار	۰	۰	
کٹ	۰	۰	۲۰ ٹار	۰	۰	۰	
ماش	۰	۱۹ ٹار	۱۵ ٹار	۱۵ ٹار	۰	۰	
مونگ	۰	۱۹ ٹار	۱۳ ٹار	۱۴ ٹار	۰	۰	
مکا	۰	۰	۲۲ ٹار	۰	۰	۰	
جئی	۰	۱۸ ٹار	۰۲۱ ٹار	۱۹ ٹار	۰	۰	
جو جئی	۰	۱۹ ٹار	۰۱۷ ٹار	۱۵ ٹار	۰	۰	
مسور	۰	۱۶ ٹار	۲۰ ٹار	۲۰ ٹار	۰	۰	
ارہر	۰	۲۲ ٹار	۲۰ ٹار	۲۰ ٹار	۰	۰	
برنج	۰	۱۳ ٹار	۱۳ ٹار	۱۰ ٹار	۰	۰	
روغن زرد	۰	[illegible]	۱ ٹار	۱ ٹار	۰	۰	
روغن سیاہ	۰	۳ ٹار	۳ ٹار	۰۳ ٹار	۰	۰	
روغن کنجد	۰	۲ ٹار	۰۱ ٹار	۰۱ ٹار	۰	۰	
نمک سانبھر	۹	۹ ٹار	۹ ٹار	۹ ٹار	۰	۰	
نمک کھاری	۰	۶ ٹار	۶ ٹار	۷ ٹار	۰	۰	
قند سیاہ	۰	۹ ٹار	۵ ٹار	۶ ٹار	۰	۰	